54

آیات نمبر 72 تا 76 میں اہل کتاب کی مسلمانوں کے خلاف سازشوں کا ذکر اور ان کے کردار کا ایک تاریک پہلو کہ وہ غیر یہود کے ساتھ خیانت اور دھوکہ بازی کو اپنے دین کی رو سے جائز سمجھتے ہیں

وَ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِیْۤ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَ اكْفُرُوْۤا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَۚۖ﴿۷۲﴾ اور اہل کتاب
میں سے ایک گروہ کہتا ہے کہ تم اس کتاب یعنی قرآن پر جو اس نبی (ﷺ) کے
ماننے والوں پر نازل کی گئی ہے، صبح ایمان لے آؤ اور شام کو انکار کر دیا کرو شاید اس
تدبیر سے مسلمان اپنے دین سے پھر جائیں وَ لَا تُؤْمِنُوْۤا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِیْنَكُمْؕ
اور یہ آپس میں کہتے ہیں کہ اپنے دین والے کے سوا کسی کی بات نہ مانو قُلْ اِنَّ
الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِۙ اَنْ یُّؤْتٰۤى اَحَدٌ مِّثْلَ مَاۤ اُوْتِیْتُمْ اَوْ یُحَآجُّوْكُمْ
عِنْدَ رَبِّكُمْؕ اے نبی (ﷺ)! آپ فرما دیجئے کہ بیشک اصل ہدایت تو صرف
اللہ کی ہدایتِ ہی ہے اور یہ اہل کتاب اپنے لوگوں سے کہتے ہیں کہ تم ہر گز یہ یقین نہ
کرنا کہ جیسی کتاب تمہیں دی گئی ہے ویسی کسی اور کو بھی مل سکتی ہے یا یہ کہ کوئی
تمہارے رب کے پاس تمہارے خلاف حجت لا سکے گا قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ
اللّٰهِۚ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌۚۙ﴿۷۳﴾ اے نبی (ﷺ)! آپ فرما
دیجئے کہ بیشک فضل تو اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے، جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے، اور اللہ
بڑا وسعت والا اور بڑے علم والا ہے یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُؕ وَ اللّٰهُ ذُو

الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾ وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے لئے خاص فرمالیتا ہے، اور
اللہ بڑے فضل کا مالک ہے یہود کا کہنا تھا کہ کتاب اور نبوت صرف بنی اسرائیل کا حق ہے
لیکن یہ اللہ کی حکمت تھی کہ آخری نبی بنی اسمٰعیل میں سے ہو جو بہر حال ابراہیم علیہ السلام ہی کی اولاد
ہیں، اسی حسد کی وجہ سے یہ لوگ ایمان لانے پر تیار نہ تھے وَ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ
تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖۤ
اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ اور اہلِ کتاب میں کوئی شخص تو ایسا ہے کہ اگر
آپ اس کے پاس مال و دولت کا ڈھیر امانت کے طور پر رکھ دیں تو وہ آپ کو واپس لوٹا
دے گا اور کسی کا یہ حال ہے کہ اگر اس کے پاس ایک دینار بھی امانت کے طور سے
رکھ دیں تو آپ کو وہ کبھی نہیں لوٹائے گا سوائے اس کے کہ آپ اس کے سر پر
کھڑے ہو جائیں ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَ
يَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ ان کی اس خیانت کا سبب یہ ہے
کہ وہ کہتے ہیں کہ اُمّیوں سے خیانت کے معاملہ میں ہم پر کوئی مؤاخذہ نہیں ہو گا، اور
جان بوجھ کر یہ جھوٹ اللہ کی طرف منسوب کرتے ہیں حالانکہ انہیں معلوم ہے کہ
مواخذہ ہو گا بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَ اتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷۶﴾
ہاں جو شخص اپنا وعدہ پورا کرے اور اللہ سے ڈرتا رہے اس پر کوئی مؤاخذہ نہیں کیونکہ
بیشک اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں سے محبت فرماتا ہے۔

[# 54]

In verse number 72 to 76 there is a mention of the conspiracies by the people of the Book (Jews and Christians) against the Muslims, and it highlights a dark aspect of their behavior, where they consider treachery and deceit against non-Jews as permissible in the name of their religion.

وَ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَ اكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ﴿۷۲﴾

And a group among the People of the Scripture say [to each other], "Believe in that which was revealed to the believers in the morning and reject it at the end of the day [By doing so perhaps some of the believers] will also turn back [to their old religion.]

وَ لَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِیْنَكُمْ ؕ

[And they also say] Do not trust except those who follow your religion.

قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ
اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ

[O Prophet!] Say, "Indeed, the [true] guidance is the guidance of Allah. [but all that you do is due to your envy], that someone else could be given what is similar to that which you have been given, or that they argue against you before your Lord.'

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ
عَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ۚۙ

[O prophet!] Say, "Indeed, [all] bounty is in the hand of Allah - He grants it to whomever He wills. And Allah is all-Encompassing and All-Wise."

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾

He chooses for His mercy whomever He wills. And Allah is the Lord of great bounty.

The Jews claimed that the Book and Prophethood were exclusively for the Children of Israel, but it was Allah's wisdom that the final Prophet would be from the descendants of Ishmael, who were, in any case, the offspring of Abraham. It was due to this jealousy that these people were not willing to believe.

وَ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ ۚ وَ
مِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ
عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ

Among the People of the Scripture is he who, if you entrust him with a great amount [of wealth], he will return it to you. And among them is he who, if you entrust him with a single coin, he will not return it to you unless you are constantly standing over him [demanding it].

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَ
يَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾

That is because they say, "There is no blame upon us concerning the unlettered people”. And they tell lies about Allah, and they do so knowingly.

بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَ اتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ۝٧٦

Yes, whoever fulfills his covenant and fears Allah--then indeed, Allah loves those who fear Him.